30اکتوبر2026ء

اسٹیٹ بینک نے اوپن بینکاری ضوابط کا مسودہ عوامی مشاورت کے لیے جاری کر دیا

بینک دولت پاکستان نے اوپن بینکاری ضوابط کا مسودہ عوامی مشاورت کے لیے جاری کر دیا ہے۔ اس کا مقصد جدت طرازی کو فروغ دینا، مسابقت بڑھانا اور پاکستان میں مستعد، صارف مرتکز ڈجیٹل مالی خدمات تک رسائی میں اضافہ کرنا ہے۔ ضوابط کا یہ مسودہ صارفین کو محفوظ، مرضی کے مطابق مالی ڈیٹا کے تبادلے اور مجاز تھرڈ پارٹی پرووائیڈرز (ٹی پی پیز) کے ذریعے کاروباری ادائیگیوں کے قابل بنا کر انہیں ان کے مالی ڈیٹا پر وسیع تر کنٹرول دیتا ہے۔ توقع ہے کہ ان ضوابط سے بزنس ٹو بزنس (B2B) اور صارف تا کاروبار (C2B) ادائیگیوں کی ڈجیٹائزیشن میں سہولت ملے گی، اور انہیں مرضی پر مبنی مالی ڈیٹا کے تبادلے کے جدت طرازی پر مبنی استعمال کی سہولتیں فراہم ہوں گی، جن میں قرضوں کی مضبوط جانچ، چھوٹی اور درمیانی انٹرپرائزز (ایس ایم ایز) کے لیے قرضوں تک رسائی میں بہتری اور ضرورت سے ہم آہنگ مالی مصنوعات اور خدمات کو ترقی دینا ہے۔

بین الاقوامی بہترین طریقوں سے ہم آہنگ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اوپن بینکاری پر ضوابطی سینڈ باکس کے پہلے گروپ کے حالیہ نتائج سے آگاہی کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیے گئے ضوابط کے اس مسودے میں ڈیٹا کے تحفظ، رازداری، سائبر سکیورٹی، انسدادِ دھوکہ دہی اور صارفین کے تحفظ کے لیے جامع حفاظتی انتظامات کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ ضوابط اسٹیٹ بینک کے اس تذویراتی ہدف سے بھی ہم آہنگ ہیں جن کا مقصد زیادہ مربوط، شمولیتی اور موثر معاون نظام کے ذریعے ڈجیٹل مالی خدمات کو فروغ دینا ہے۔

عوامی مشاورتی عمل کے تحت اسٹیٹ بینک نے تمام متعلقہ فریقوں بشمول مالی اداروں، فن ٹیک کمپنیوں، ٹیکنالوجی فراہم کنندگان، صارفین کے گروپس، تعلیمی اداروں اور عوام الناس سے رائے مانگی ہے، تاکہ مجوزہ فریم ورک کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ اس کے متعلق رائے 30 نومبر 2026ء تک psdpolicy@sbp.org.pk پر **"اوپن بینکاری ضوابط کے مسودے پر رائے"** کے عنوان سے ای میل کی جاسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ عوام اپنی رائے بذریعہ ڈاک، شعبۂ نظامِ ادائیگی پالیسی اور نگرانی، چوتھی منزل، ایس بی پی بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی کے پتے پر بھجوا سکتے ہیں۔

ضوابط کا مسودہ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے:

https://www.sbp.org.pk/assets/document/Open_Banking_Regulations_for_Public_Consulatation_Draft.pdf

******